**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/8/2 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے سدرن ٹیئر میں بالغوں کے استعمال کے لیے بھنگ کی پہلی ڈسپنسری کھولنے کا اعلان***

***بنگھیمٹن ڈسپنسری جمعہ، 10 فروری کو کھل رہی ہے؛ نیو یارک سٹی کے باہر پہلی ہو گی***

***آنے والے ہفتوں میں مزید ڈسپنسریاں کھلیں گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ سدرن ٹیئر میں بالغوں کے مشروط استعمال کے لیے پرچون ڈسپنسری کے لائسنس یافتگان میں سے پہلی ڈسپنسری بنگھیمٹن میں کھلے گی۔ سٹور کا افتتاح ریاست نیو یارک کے سیڈنگ کے مواقع پہل کاری اور بھنگ کے لائسنس دینے میں مساوات کے ریاست کے اہداف کو آگے بڑھاتا ہے، جو نظامِ انصاف میں ملوث رہنے والے ایسے افراد کو لائسنس فراہم کرنے کو ترجیح دیتا ہے جنہیں بھنگ کے مقدمات میں سزا ہو چکی ہے یا کسی سزا یافتہ کے قریبی رشتہ دار ہیں، اور ایسے بلامنافع کام کرنے والے ادارے ہیں جو ملزمان یا مجرمان کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ بنگھیمٹن میں منصوبہ بندی بورڈ نے کل شام کو اپنی حتمی منظوری دے کر 10 فروری کو سٹور کے کھلنے کا راستہ صاف کر دیا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "بنگھیمٹن میں جسٹ بریتھ جیسی نئی ڈسپنسریوں کے افتتاح کے ساتھ، ہم یہاں نیو یارک میں ملک کی سب سے زیادہ منصفانہ اور جامع بھنگ کی صنعت کو وسعت دینا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نیو یارک آزاد کاروباری ڈسپنسری کے مالکان، نیو یارک کے کسانوں کی مدد کے لیے پُرعزم ہے جنہوں نے اپنی فصل میں اپنا دل رکھ دیا ہے، اور ہر وہ بالغ جو ایمپائر سٹیٹ میں ہے اور وہاں سے قانونی طور پر خریدی گئی بھنگ سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے"۔

بگھیمٹن میں ڈسپنسری کا افتتاح - 75 کورٹ سٹریٹ پر Just Breath ایک تجربہ کار مقامی کاروباری، ڈیمن کارن ویل، اور بلامنافع کام کرنے والی تنظیم بروم کاؤنٹی اربن لیگ کے درمیان شراکت داری سے ملکیتی ہو گا اور چلایا جائے گا۔ کارن ویل نے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران ملزمان یا مجرمان کو وسائل، تعلیم اور پیشے کے لیے راستے فراہم کرتے ہوئے، BCUL کے ساتھ پہل کاریوں کو آگے بڑھانے میں مدد کی ہے۔ یہ سٹور اسی جگہ کھلے گا جہاں فی الحال لائسنس یافتہ کینابینوئڈ بھنگ خوردہ فروش ہے، جو سنہ 2020 سے کمیونٹی میں بھنگ سے حاصل کردہ مصنوعات، جیسے CBD تیل اور پھولوں کو کامیابی کے ساتھ متعارف کروا رہا ہے۔ سدرن ٹیئر میں پہلی بار، لائسنس یافتہ ڈسپنسری ڈاؤن ٹاؤن بنگھیمٹن کے مرکز میں صارفین کے لیے کھلے گی جس میں اس علاقے اور ریاست نیو یارک کے کسانوں سے حاصل کردہ مصنوعات ہیں۔ سٹور عوامی فروخت کے لیے جمعہ، 10 فروری کو دوپہر 3 بجے کھلے گا۔ باقاعدہ کام کے اوقات پیر تا بدھ، 12 بجے تا رات 8 بجے؛ جمعرات، 12 بجے تا رات 9 بجے؛ جمعہ، 12 بجے تا رات 10 بجے؛ اور ہفتہ، 12 بجے تا رات 9 بجے ہوں گے۔

**بھنگ کنٹرول بورڈ کی چیئر Tremaine Wright نے کہا،** "ریاست نیو یارک کی بھنگ کی صنعت ترقی کر رہی ہے، اور مقامی بلامنافع کام کرنے والے اداروں اور ممانعت سے نقصان پہنچنے والے افراد کو بااختیار بنا کر، ہم قوم کو دکھا رہے ہیں کہ ایک منصفانہ اور شفاف بھنگ کی صنعت کیسے قائم کی جائے۔ گزشتہ برس گورنر Hochul کی جانب سے شروع کی گئی سیڈنگ کے مواقع پہل کاری نے ہمیں ریاست بھر میں متنوع علاقوں کے لیے مواقع

فراہم کرتے ہوئے اپنی رسائی کو بڑھانے کے قابل بنایا ہے۔ ہم ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں، معاشی ترقی کو فروغ دے رہے ہیں، اور ریاست بھر میں بھنگ کی معیاری مصنوعات اور تعلیم تک رسائی فراہم کر رہے ہیں"۔

**انتظامِ بھنگ کے دفتر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Chris Alexander نے کہا،** "جب بھی گورنر Hochul بالغوں کے لیے استعمال ہونے والی بھنگ کی ڈسپنسری کھولنے کا اعلان کرتی ہیں، تو میرے چہرے پر مسکراہٹ ابھرتی ہے، اور اس سٹور کے جلد کھلنے کے ساتھ ہی، میری باچھیں کھلی ہوئی ہوتی ہے۔ ہم نے بھنگ کی ایک منصفانہ سپلائی چین بنائی ہے جو نیو یارک میں ہر اس شخص کو فائدہ پہنچاتی ہے جو حصہ لینے کا انتخاب کرتا ہے، یا تو بطور صارف یا ایک کاروباری شخص۔ یہ صرف شروعات ہے، اور مزید بہترین چیزیں آنے والی ہیں"۔

**بروم کاؤنٹی اربن لیگ کی صدر اور سی ای او Jennifer Lesko نے کہا،** "چرس کو قانونی قرار دینا نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے ایک اقتصادی موقع فراہم کرتا ہے، اور بروم کاؤنٹی اربن لیگ اس کا حصہ بننے کے لیے پُرجوش ہے۔ اس صنعت کی صلاحیت بہت وسیع ہے، اور اس کے برعکس ہے جو ہم نے کبھی دیکھا ہے۔ ہمارا مشن ہمیشہ لوگوں کو فائدہ مند روزگار کے حصول میں مدد فراہم کرنا رہا ہے، اور یہ صنعت ایسا ہی کر سکتی ہے۔ خاص طور پر، یہ بروم کاؤنٹی کے معاشی منظر نامے کو بدل سکتی ہے، اور ہمیں یقینی طور پر اس امید افزا مستقبل کا حصہ بننے پر فخر ہے"۔

**جسٹ بریتھ کے شراکت دار، Damien Cornwell نے کہا،** "میں اپنے علاقے میں قانونی، محفوظ، اور مقامی طور پر حاصل کردہ مصنوعات لانے پر بہت خوش ہوں اور فخر محسوس کر رہا ہوں۔ اس کاروبار کی طرف سے نئی ملازمتوں اور مقامی ٹیکس ریونیو کی شکل میں پیش کردہ معاشی مواقع صرف ان دہائیوں کے کام پر استوار ہیں جو ہم نے اپنے علاقے میں محروم برادریوں کی ترقی کے لیے بروم کاؤنٹی اربن لیگ کے ساتھ کیے ہیں۔ 'جسٹ بریتھ' پیش کرے گا، پہلی بار یہاں سدرن ٹیئر میں، بھنگ خریدنے کے لیے ایک محفوظ اور منظم جگہ"۔

**ریاستی سینیٹر Liz Krueger نے کہا،** "نیو یارک میں بھنگ کے ہر نئے پرچون فروش کا کھلنا بالغوں کے استعمال کی ایک فروغ پزیر منڈی بنانے کے ہمارے مقصد کے قریب ایک قدم ہے، جس کا محور ایکویٹی اور چھوٹے کاروبار ہوتے ہیں جو خوشحالی پیدا کرتے ہیں اور ہمارے علاقوں کا سہارا ہوتے ہیں۔ اس پروگرام کے آغاز کے لیے یہ پہلے سے ہی ایک دلچسپ سال رہا ہے، اور بہت کچھ آنے والا ہے"۔

**ریاستی سینیٹر Lea Webb نے کہا،** "مجھے فخر ہے کہ میرا ضلع اور بنگھیمٹن شہر شمالی نیو یارک میں اپنے دروازے کھولنے کے لیے بالغوں کے لیے استعمال ہونے والی بھنگ کی پہلی ڈسپنسری کا گھر ہو گا۔ میں جسٹ بریتھ کا پُرتپاک استقبال اور اس اہم سنگ میل کے لیے Damien Cornwell کو دلی مبارکباد پیش کرنا چاہتی ہوں۔ نیو یارک کی ابھرتی ہوئی بھنگ کی صنعت مساوات کے اصولوں پر بنائی گئی ہے اور ہم اقتصادی ترقی اور نئی ملازمتوں کے منتظر ہیں جو یہ صنعت ہمارے علاقے میں لائے گی"۔

**اسمبلی کے اکثریتی رہنماء Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ بالغوں کے مشروط استعمال کی پرچون فروش ڈسپنسریاں اپنے دروازے کھول رہی ہیں۔ سپلائی چین کی تمام سطحات پر لگائے گئے وقت، توانائی اور سرمایہ کاری کا ادراک ہونا شروع ہو گیا ہے اور یہ کاروباری افراد نیو یارک کو ملک کی معروف منصفانہ، محفوظ اور فروغ پذیر بھنگ کی مارکیٹ بننے کی راہ ہموار کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میں اس دن کی منتظر ہوں جب تمام علاقے جو اپنی حدود میں بھنگ کی پرچون فروخت کی اجازت دینا چاہتے ہیں اسی طرح ڈسپنسری کھولنے کا خیرمقدم کر رہے ہوں، لیکن میں مایوس ہوں کہ ریاست کے کچھ علاقے ان علاقوں میں CAURD لائسنسوں پر پابندی کے جاری حکم امتناعی کی وجہ سے نقصان میں ہیں"۔

**رکنِ اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "برسوں کی محنت آخرکار بنگھیمٹن شہر میں رنگ لانے والی ہے؛ شمالی نیو یارک میں کھلنے والی بالغوں کے لیے بھنگ کی پہلی ڈسپنسری کی جگہ۔ ہم ایک محفوظ، قانونی نظام کے قیام کے لیے پُرعزم ہیں جو نیو یارک کے زرعی پیداواریوں اور سماجی مساوات کے شراکت داروں کی مدد کرتا ہے۔ یہ مناسب ہے کہ جسٹ بریتھ بروم کاؤنٹی اربن لیگ کے ساتھ شراکت میں کھل رہا ہے؛ ایک ایسی تنظیم جو مکمل طور پر معاشی اور سماجی انصاف کے لیے وقف ہے"۔

**بروم کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Jason Garnar نے کہا،** "بروم کاؤنٹی میں اس ریٹیل سٹور کا ہونا کسانوں کی مدد کرے گا اور کاؤنٹی کے لیے آمدنی فراہم کرے گا جس سے ہم اپنے رہائشیوں کے لیے فراہم کردہ اہم خدمات کو سہارا دیتے ہیں۔ میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے گورنر کے کام کو سراہتا ہوں کہ یہ صنعت صارفین کے لیے محفوظ اور قابلِ بھروسہ ہے، ساتھ ہی ساتھ مقامی کاروباری مالکان کی بھی حمایت کرتا ہوں"۔

**بنگھیمٹن کے میئر Jared M. Kraham نے کہا،** "بنگھیمٹن کو شمالی نیو یارک میں بھنگ کی قانونی صنعت کی راہنمائی کرنے پر فخر ہے۔ نیو یارک سٹی کے باہر پہلی لائسنس یافتہ ڈسپنسری کے ساتھ جو کہ اندرون بنگھیمٹن میں کھلنے کے لیے تیار ہے، ہمارا علاقہ نئی ملازمتوں، علاقے کی سرمایہ کاری اور ہمارے شہری مرکز کی مسلسل بحالی کے مواقع کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ گورنر Hochul اور OCM کا شکریہ کہ انہوں نے بھنگ کی صنعت ریاست نیو یارک میں لانے کے لیے کام کیا"۔

گورنر Hochul نے جنوری میں اعلان کیا تھا کہ ریاست نیو یارک میں بالغوں کے مشروط استعمال کے لیے پہلی پرچون کاروباری ڈسپنسری کا لائسنس کھلے گا۔ اس سے پہلے، ریاست میں پہلی لائسنس یافتہ ڈسپنسری، جو بلامنافع کام کرنے والے ادارے ہاؤسنگ ورکس کی جانب سے چلائی جاتی ہے، دسمبر کے آخر میں کھلی تھی۔ CAURD لائسنس ریاست نیو یارک کے سیڈلنگ کے موقع کے اقدام کے مرکزی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے، نیو یارک کی بالغان کے استعمال کی پہلی قانونی ریٹیل ڈسپینسریاں امتناعِ بھنگ کے قوانین کے نفاذ سے انتہائی متاثرہ افراد یا وہ غیر منافع بخش تنظیمیں چلائیں گی، جن کی خدمات سابقہ طور پر مقید افراد کے لیے معاونت پر مشتمل ہوں گی۔ یہ ڈسپینسریاں نیو یارک کے کاشتکاروں کی کاشت کردہ بالغان کے استعمال کے لیے بھنگ کی مصنوعات کی قانوناً جائز فروخت کر رہی ہیں۔

اہلیت رکھنے کے لیے، درخواست گزاران کا یا تو ازخود بھنگ سے متعلقہ کسی جرم میں سزایاب ہونا، یا پھر کسی ایسے فرد کا قریبی رشتے دار ہونا ضروری ہے، جو کہ کوئی ایسا کاروبار کرتا ہو، اور اس کا مالک ہو یا رہا ہو، جس سے کم از کم دو سال کی صافی حاصل آمدنی ہوئی ہو۔ غیر منافع بخش تنظیمیں CAURD لائسنسوں کے لیے اس صورت میں اہلیت رکھتی ہیں، کہ اگر ماضی میں انہوں نے حالیہ طور پر یا سابقہ طور پر مقید افراد کو خدمات فراہم کی ہوں، ان میں ان کے لیے پیشہ ورانہ مواقع کی تخلیق؛ عملِ انصاف سے وابستہ بورڈ میں کم از کم ایک ممبر کی رکنیت کا حصول؛ کم از کم پانچ کُل وقتی ملازمین؛ اور کوئی ایسی سماجی مہم چلائی ہو جس کے صافی اثاثہ جات یا منافع کم از کم دو سال کے برابر ہوں، سب شامل ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418